کل نمبر: 100 پرچہ چوتھا (iii): عالم اسلام کے مسائل و وسائل وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: صرف پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نمبر یکساں ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے:

-1 یوم یکجہتی کشمیر کب منایا جاتا ہے؟ تاریخ اور ماہ لکھیں۔

-2 آذربائیجان کے دارالخلافہ کا نام لکھیں۔

-3 رقبہ کے اعتبار سے مسلم دنیا کے سب سے بڑے ملک کا نام بتائیں نیز بتائیں یہ کس خطہ میں واقع ہے؟

-4 اقوام متحدہ کے موجودہ سیکرٹری کا نام لکھیں۔

-5 چاغی کی وجہ شہرت بیان کریں۔

-6 ماضی قریب میں کون سا اسلامی ملک دو حصوں میں تقسیم کر دیا گیا۔

-7 شیخ یاسین کس تنظیم کے بانی تھے؟

-8 سعودی عرب کی وجہ تسمیہ بیان کریں۔

-9 روس کا افغانستان سے اخراج کب عمل میں آیا؟

-10 ورلڈ ٹریڈ سنٹر کہاں واقع تھا اور یہ کب تباہ ہوا؟

-11 W.T.O کن الفاظ کا مخفف ہے؟

-12 وسطی ایشیائی ریاستوں میں سے چار کا نام مع دارالحکومت تحریر کریں۔

-13 RAW کس ملک کی خفیہ ایجنسی کا نام ہے؟

-14 بحیرۂ کیسپین کس خطہ میں واقع ہے؟

-15 مندرجہ ذیل کتب کے مصنفین کا نام بتائیے:

(الف) یورپ پر اسلام کے احسان (ب) الحاد مغرب اور ہم

سوال 2: عالم اسلام کے صنعتی وسائل تفصیلاً بیان کریں۔

سوال 3: عالم اسلام کے جیوپولیٹیکل (Geo-Political) اہمیت پر سیر حاصل بحث کریں۔

سوال 4: عراق پر امریکی حملے کے اسباب کا جائزہ لیتے ہوئے مسئلہ کی عصری صورتحال بیان کریں۔

سوال 5: نیو ورلڈ آرڈر سے کیا مراد ہے؟ اس کے پس پردہ عزائم اور عالم اسلام پر اس کے اثرات بیان کریں۔

سوال 6: صیہونیت کا تعارف، مقاصد اور مسلم اُمہ پر اس کے اثرات کا جائزہ لیجئے۔

سوال 7: ''عالم اسلام کے مسائل کا حل تعلیمی و اقتصادی تعاون سے وابستہ ہے'' بحث کیجئے۔

سوال 8: امریکی افواج کے انخلاء کے بعد افغانستان کی صورتحال کا تجزیہ کرتے ہوئے پاکستان پر اس کے اثرات بھی بیان کریں۔

سوال 9: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) وسط ایشیا کے مسلمان اور ان کا تشخص (ب) مسلم ممالک کی افرادی قوت

(ج) اتحاد اُمت کی راہ میں حائل رکاوٹیں (د) رابطہ عالم اسلامی

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے ''عالم اسلام کے وسائل و مسائل'' ملک کریم بخش کا مطالعہ فرمائیں

www.ilmkidunya.com

سال دوئم..... سالانہ امتحان 2013ء

کل نمبر: 100 **پرچہ چوتھا (iii): عالم اسلام کے مسائل و وسائل** وقت: 3 گھنٹے

نوٹ: صرف پانچ سوالات کے جوابات مطلوب ہیں۔ تمام سوالات کے نمبر یکساں ہیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔

سوال 1: درج ذیل میں سے دس اجزاء کے مختصر جوابات لکھئے:

1- ایران کے دارالحکومت کا نام لکھیں۔
2- مراکش کس براعظم میں واقع ہے؟
3- ریکوڈک کا مقام کس اسلامی ملک میں واقع ہے؟
4- OPEC کن الفاظ کا مخفف ہے؟
5- سعودی عرب کی دو اہم معدنیات کا نام لکھئے۔
6- ترکی اور ملائیشیا کی کرنسی کا نام بتائیے۔
7- اخوان المسلمون کے بانی کا نام لکھئے۔
8- یوم یکجہتی کشمیر کب منایا جاتا ہے؟ تاریخ اور ماہ لکھئے۔
9- عالم اسلام کی دو اہم زرخیز وادیوں کے نام بتائیے۔
10- عالم اسلام کے بارے میں نصاب میں مجوزہ کوئی سی دو کتب کا نام مع مؤلف تحریر کریں۔
11- ورلڈ ٹریڈ سنٹر کہاں واقع تھا؟ اور یہ کب تباہ ہوا؟
12- پاکستان کی کتنے فی صد آبادی کاشتکاری کے شعبہ سے وابستہ ہے؟
13- گھڑیوں اور پنڈولم کے موجد کا نام بتائیے۔
14- پہلی اسلامی کانفرنس کب اور کہاں منعقد ہوئی؟
15- وسطی ایشیائی ریاستوں میں سے چار کا نام مع دارالحکومت تحریر کریں۔

سوال 2: عالم اسلام کے صنعتی وسائل تفصیلاً بیان کریں۔

سوال 3: اسلامی ممالک میں مغربی تہذیب کی یلغار اور لادینی نظریات کے فکر اسلامی سے تصادم پر تفصیلی روشنی ڈالئے۔

سوال 4: کیا مسئلہ فلسطین ہی مشرق وسطیٰ کے عدم استحکام کا بنیادی سبب ہے؟ مفصل تجزیہ پیش کریں۔

سوال 5: اُمت مسلمہ کے مسائل کے حل میں O.I.C کے کردار کا جائزہ لیں اور مزید بہتری کی تجاویز دیں۔

سوال 6: نیو ورلڈ آرڈر سے کیا مراد ہے؟ اس کے پس پردہ عزائم اور عالم اسلام پر اس کے اثرات کا جائزہ لیں۔

سوال 7: "عالم اسلام کا استحکام اقتصادی تعاون سے وابستہ ہے" بحث کریں۔

سوال 8: مندرجہ ذیل میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیں:

(الف) مؤتمر عالم اسلامی (ب) عالم اسلام کی افرادی قوت
(ج) گلوبلائزیشن کے مضمرات (د) اسلامی تصور جہاد

سوال 9: عالم اسلام کی جیوپولیٹیکل (Geo-Political) اہمیت پر سیر حاصل بحث کریں۔

اس پرچہ میں کامیابی کیلئے "عالم اسلام کے وسائل و مسائل" حسیب عباسی کا مطالعہ فرمائیں

www.ilmkidunya.com

پرچہ نمبر 4(iii) عالم اسلام کے وسائل و مسائل

وقت: 3 گھنٹے　　کل نمبر: 100

کل پانچ سوالوں کے جوابات دیں۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ تمام سوالوں کے نمبر مساوی ہیں۔

سوال نمبر (۱)۔ کوئی سے دس اجزاء کے جواب دیں۔

i) بوسنیا کس براعظم میں واقع ہے؟

ii) کس اسلامی ملک کے جھنڈے پر کلمۂ طیبہ لکھا ہے؟

iii) انڈونیشیا اور ملائیشیا دُنیا کے کس خطے میں واقع ہیں؟

iv) 9/11 سے کیا مُراد ہے؟

v) 2010ء میں کس اسلامی مُلک کو دو حصّوں میں تقسیم کر دیا گیا؟

vi) پاکستان کی چار اہم معدنیات کے نام لکھیں۔

vii) موساد کا تعلق کس مُلک سے ہے اور یہ کس لیے قائم کی گئی ہے؟

viii) یومِ یکجہتی کشمیر کب منایا جاتا ہے، تاریخ اور ماہ لکھیں۔

ix) رقبہ کے لحاظ سے عالمِ اسلام کے سب سے بڑے مُلک کا نام بتائیں۔

x) رابطہ عالمِ اسلامی کا قیام کب اور کہاں عمل میں آیا؟

xi) ایران کس خطّے میں واقع ہے، اس کے دو مشہور شہروں کے نام لکھیں۔

xii) D-8 میں کون کون سے ممالک شامل ہیں؟

xiii) ترکی کے دو ہمسایہ ممالک کے نام لکھیں۔

xiv) نصاب کی مجوزہ کتب میں سے کوئی سی دو اُردو کتابوں کے نام مع مؤلف لکھیں۔

xv) مسجد اقصیٰ کو کب نذرِ آتش کیا گیا؟

سوال نمبر (۲) عالمِ اسلام کے زرعی وسائل تفصیلاً بیان کریں۔

سوال نمبر (۳) عالمِ اسلام پر مغربی تہذیب کے اثرات کا جائزہ لیں نیز اس مسئلہ کے حل کی تجاویز دیں۔

سوال نمبر (۴) مسئلہ کشمیر کا تاریخی تناظر بیان کرتے ہوئے پاکستان کے لیے اس کی اہمیت بیان کریں۔

سوال نمبر (۵) ''اسلامی تصورِ جہاد کو دہشت گردی سے مربوط کرنا اسلام دشمنوں کی گہری سازش ہے''۔ مدلل بحث کریں۔

سوال نمبر (۶) اسلامی ممالک کے مابین اقتصادی اور عسکری تعاون کے امکانات و نتائج پر روشنی ڈالیں۔

سوال نمبر (۷) کوئی سے دو اجزاء پر نوٹ لکھیں۔

i) مؤتمر عالم اسلامی　ii) ترکی کی جسٹس اینڈ ڈویلپمنٹ پارٹی　iii) عالم اسلام کی افرادی قوت

iv) دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان اور امریکہ کے اختلافات اور اُن کے اثرات

www.ilmkidunya.com